# ستمبر 2025ء میں کاشتکاروں کے لئے زرعی موسمیاتی مشورے

ماہ اگست کے دوران ملک کے زیادہ تر علاقوں میں معمول سے زیادہ بارشیں ہوئیں۔ ستمبر مون سون کی بارشوں کا آخری مہینہ ہوتا ہے۔ اس مہینے ملک میں بلخصوص شمال مشرقی و وسطی پنجاب، جنوبی پنجاب اور زیریں سندھ میں معمول سے قدرے زیادہ بارشوں کا امکان ہے۔ اس کے علاوہ بعض مقامات پر تیز ہواؤں / جھکڑ اور بہت تیز بارشوں کا بھی امکان ہے۔ جبکہ بالائی خیبر پختونخواہ اور گلگت بلتستان میں معمول سے کم بارشیں متوقع ہیں۔

**ستمبر کے دوران کسانوں سے مندرجہ ذیل گزارشات ملحوظِ خاطر رکھنے کی گزارش ہے۔**

۱۔ کپاس اس وقت اپنے نازک ترین دور میں داخل ہو گئی ہے۔ اس وقت پوداپانی کے لحاظ سے حساس ترین دور میں داخل ہو گیا ہے۔ اس حالت میں کپاس کی فصل کو پانی کی زیادتی کی صورت میں ٹینڈوں اور پھٹی کے خراب ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ اس لئے پھٹی کی چنائی کے لئے مناسب وقت کا انتخاب بہت ضروری ہے۔ ستمبر کا مہینہ کپاس کی فصل کے لیے نہایت اہم ہے۔

۲۔ شدید بارش کی صورت میں کپاس کی فصل میں پانی کو 24 گھنٹے سے زیادہ کھڑا نہ ہونے دیں۔ پانی نکالنے کے لیے کھیتوں کے ارد گرد نشیبی جگہوں پر چھوٹے تالاب بنالیں۔ زیادہ بارش کی صورت میں آبپاشی نہ کریں اور کھیت سے پانی کے نکاس کا مناسب بندوبست کریں۔

۳۔ بارش کے دنوں میں کپاس کی چنائی نہ کریں بلکہ جب کپاس خشک ہو جائے تو چنائی کریں۔

۴۔ ستمبر کے ماہ میں رس چوسنے والے کیڑیوں مثلاً چست تیلے، ست تیلے، سفید مکھی، تھرپس کے ساتھ سنڈیوں کا حملہ بھی ہو جاتا ہے۔ اِس سلسلے میں کسان حضرات محکمہ زراعت کے مشورے سے بروقت سفارش کردہ زہر، کھاد اور آبپاشی محکمہ زراعت کے مشورے سے کریں۔

۵۔ دھان کی فصل بھی اس وقت اہم مراحل میں داخل ہو چکی ہے۔ یہ وہ وقت ہے جب چاول کی فصل کو مناسب پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔ کسان عام طور پر کھیت کو پانی سے لبالب بھر دیتے ہیں یہ ہرگز درست نہیں ہے بلکہ پانی کا ضیاع ہے۔ اس لئے مناسب مقدار میں کھیت کو پانی دیا جائے تاکہ کئی دنوں تک وہ کھڑا نہ رہے اس کفائیت سے حاصل شُدہ پانی کو کسی دوسری فصل کو مہیا کر کے اس سے بھی بہتر پیداوار حاصل کی جاسکتی ہے۔

۶۔ حالیہ بارشوں کے بعد مزید بارش ہونے کی صورت میں کھیت سے نکاسی آب کا بروقت بندوبست کریں تاکہ فصلیں کسی ممکنہ نقصان سے محفوظ رہے۔

۷۔ بارش کے بعد کھیت میں وتر آنے پر گوڈی ضرور کریں اور جڑی بوٹیوں کی تلفی کو یقینی بنائیں۔

۸۔ مکئی کی فصل زیادہ پانی برداشت نہیں کرتی، لہٰذا اضافی پانی کو کھیت سے نکالنے کا بندوبست کریں

۹۔ کماد کی کاشت کے لئے زمین کو اچھی طرح کرلیں نیز محکمہ زراعت کے مشورے سے منظور شدہ اقسام کاشت کریں۔

۱۰۔ مونگ پھلی کی فصل انتہائی اہم مرحلے پر ہے۔ اس کی برداشت کے لئے موسمی پیشگوئی کو ملحوظِ خاطر رکھیں۔

۱۱۔ زراعت کی کامیابی میں موسمی حالات کا بہت عمل دخل ہے اور بہتر حکمت عملی سے غیر موزوں موسمی حالات سے بھی استفادہ کیا جاسکتا ہے۔ محکمہء موسمیات کی پیشگوئی کو ملحوظ خاطر رکھ کر محکمہ زراعت کے ماہرین کی مشاورت سے اپنے معمولات طے کریں تو پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ ممکن ہے۔

❖ کسان حضرات ریڈیو، ٹی وی، اخبار، محکمہ موسمیات کے یوٹیوب چینل (PMD weatherTV) اور (Pak Weather App) سے منسلک رہیں۔

اگر کوئی زرعی موسمیاتی مسئلہ درپیش ہو تو ہمارے مندرجہ ذیل دفاتر سے آپ بخوبی مدد حاصل کرسکتے ہیں۔

۱۔ نیشنل ایگرومیٹ سنیٹر پی۔ او۔ بکس نمبر 1214، سیکٹر ایچ ایٹ ٹو، اسلام آباد۔ فون نمبر: 051-9250299

۲۔ نیشنل ویدر فورکاسٹنگ سنیٹر برائے زراعت، پی۔ او۔ بکس، 1214، سیکٹر ایچ ایٹ ٹو، اسلام آباد۔ فون نمبر: 4- 9250363 -051

۳۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، نزد بارانی یونیورسٹی، مری روڈ، راولپنڈی۔ فون نمبر: 051-9292149

۴۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، ایوب ریسرچ انسٹیٹیوٹ، جھنگ روڈ، فیصل آباد۔ فون نمبر: 041-9201803

۵۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، ایگریکلچر ریسرچ انسٹیٹیوٹ، ٹنڈو جام۔ فون نمبر: 0305-3097337

۶۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، ایگریکلچر ریسرچ انسٹیٹیوٹ، سریاب روڈ، کوئٹہ۔ فون نمبر: 081-9211205

ویب سائٹ: www.pmd.gov.pk

یوٹیوب چینل: https://www.youtube.com/channel/UCDQNcQuQsk12ku9DGfBDosw

ایپ: https://play.google.com/store/apps/details?id=com.pmd.kissan